DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ کا تیسرا روز مکمل

- سدرن پنجاب نے ناردرن کو ایک اننگز اور 96 رنز سے ہرادیا، زاہد محمود کے 10 شکار
- بلوچستان اور کے پی کے درمیان میچ فیصلہ کن مرحلے میں داخل
- سندھ کے فواد عالم کی سنٹرل پنجاب کے خلاف سنچری

کراچی، 27 اکتوبر 2020ء:

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں سدرن پنجاب نے گزشتہ سال کی فائنلسٹ ناردرن کو ایک اننگز اور 96 رنز سے ہرادیا ہے۔ اسپنر زاہد محمود نے میچ میں 10 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ میچ کے تیسرے روز تین وکٹوں کے نقصان پر 31 رنز سے اپنی دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کرنے والی ناردرن کی پوری ٹیم 65.1 اوورز میں 246 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ حماد اعظم نے 79 رنز بنائے۔ پہلی اننگز میں 4 وکٹیں حاصل کرنے والے زاہد محمود نے دوسری اننگز میں 57 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تھا تو اس کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 165 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ جواب میں سدرن پنجاب نے طلعت حسین کے 253 اور کپتان شان مسعود کے 134 رنز کی بدولت 9 وکٹوں کے نقصان پر 507 رنز پر اپنی پہلی اننگز ڈکلیئر کردی تھی۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں بلوچستان اور کے پی کے درمیان میچ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ کے پی کو جیت کے لیے میچ کے آخری روز مزید 280 رنز جبکہ بلوچستان کو 6 وکٹیں درکار ہیں۔ اس سے قبل 195 رنز کی سبقت سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی ٹیم نے میچ کے تیسرے روز 8 وکٹوں کے نقصان پر 217 رنز پر اپنی دوسری اننگز ڈکلیئر کردی۔ سمیع اسلم 48 اور یاسر شاہ 41 رنز بناکر آؤٹ ہوئے، تیمور علی نے 41 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ پہلی اننگز میں 3 وکٹیں حاصل کرنے

والے ساجد خان نے دوسری اننگز میں 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ مجموعی طور پر 413 رنز کے تعاقب میں کے پی کی دوسری اننگز بھی مشکلات کا شکار ہے اور تیسرے روز کھیل کے اختتام تک 133 رنز پر اس کے 4 کھلاڑی آؤٹ ہوچکے ہیں۔ عادل امین 56 رنز بناکر ناٹ آؤٹ ہیں، کامران غلام نے 51 رنز کی اننگز کھیلی۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ کے تیسرے روز فواد عالم کی سنچری کی بدولت سندھ نے پہلی اننگز میں سنٹرل پنجاب کے خلاف 32 رنز کی سبقت حاصل کی تاہم دن کے اختتام پر 4 وکٹوں کے نقصان پر 120 رنز بنانے والی سنٹرل پنجاب کی ٹیم کو میچ کی دوسری اننگز میں مجموعی طور پر 88 رنز کی سبقت حاصل ہوچکی ہے۔ عثمان صلاح الدین 35 اور محمد سعد 26 رنز بناکر ناٹ آؤٹ ہیں۔ محمد عمر اور محمد اصغر 2،2 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ اس سے قبل سندھ کی ٹیم پہلی اننگز میں سنٹرل پنجاب کے 207 رنز کے جواب میں 239 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ فواد عالم 115 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ تابش خان نے 24 رنز بنائے۔ وقاص مقصود نے 4 اور حسن علی نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT QUAID-E-AZAM TROPHY 2020-21:

- *31 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 first-class matches. For schedule, click here*
- *The event will be played under Covid-19 protocols at four venues in Karachi, namely National Stadium, National Bank of Pakistan Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*
- *Central Punjab will defend the title they won in 2019-20 after beating Northern by an innings and 16 runs in the final at National Stadium, Karachi. Other four sides are Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab*
- *The event will take a break after three rounds and will resume from 20 November following the conclusion of the remaining four HBL Pakistan Super League 2020 matches, which were postponed on 17 March due to Covid-19 pandemic.*
- *The winner of the tournament will receive PKR10million while the runner-up will collect PKR5million*
- *PKR500,000 will be handed out to tournament's top-performers and the player of the final will get PKR50,000*

- *Players to earn PKR60,000, per match the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR600,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers. Click here to read more*

As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here, to read more about the three-year agreement

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4